BRAMPTON Service and Information Update

کووِڈ-19 کے ردعمل میں برامپٹن ٹرانزٹ سروس میں 13 اپریل سے نافذ ہونے والی تبدیلیاں اور گُڈ فرائیڈے سروس کی تفصیلات

برامپٹن، آن (7 اپریل 2020) – کرونا وائرس سے مؤثر طور پر نمٹنے اور برامپٹن ٹرانزٹ کی جانب سے کمیونٹی کی خدمات کو محفوظ بنانے کے لیے بس سروس میں بروز پیر، مورخہ 13 اپریل سے شروع کرتے ہوئے تاحکم ثانی درج ذیل تبدیلیاں لائی جائیں گی۔

ذیل میں بیان کردہ روٹس درج ذیل شیڈول پر چلیں گے:

- **پیر تا ہفتہ** – بسیں اضافی شدہ سنڈے سروس پر چلیں گی (عمومی سنڈے سروس، جس کے ساتھ صبح اور شام کے رش کے اوقات پر اضافی بسیں ہوں گی، بشمول عام دنوں کے بس چلنے کے عمومی اوقات کی طرح کے قبل از وقت ٹرپ)
- **اتوار** – بسیں سنڈے سروس پر چلیں گی، جس میں کچھ منسوخ شدہ روٹس بھی شامل ہیں

- 501 زوم کوئین (صرف ہائی وے 7 سے ووغان میٹروپولیٹن سنٹر)
- 502 زوم مین
- 511/511A زوم سٹیلز
- 1 کوئین
- 2 مین
- 3/3A میک لافلن
- 4/4A چنگواکوسی
- 5 بوویرڈ
- 6 جیمز پوٹر – صرف رش کے اوقات کی سروس اور سنڈے سروس نہیں
- 7/7A کینیڈی
- 10 انڈسٹریل – صرف پیر- جمعہ سروس
- 11/11A سٹیلز
- 14/14A ٹوربریم
- 15 براملیا
- 18 ڈگزی
- 20 ایسٹ انڈسٹریل – صرف پیر-جمعہ سروس
- 23 سینڈل ووڈ
- 26 ماؤنٹ پلیزنٹ – صرف شام 7 بجے تک سروس اور سنڈے سروس نہیں
- 29 ولیمز پارک وے – صرف رش کے اوقات کی سروس اور سنڈے سروس نہیں
- 30 ایئرپورٹ روڈ
- 31 مک وین – صرف رش کے اوقات کی سروس اور سنڈے سروس نہیں
- 50 گور روڈ
- 51 ہیئر فورڈ – صرف رش کے اوقات کی سروس اور سنڈے سروس نہیں
- 53 رے لاء سن (سنڈے سروس نہیں)
- 56 کنگ نول (سنڈے سروس نہیں)
- 60 مسیساگا روڈ – صرف پیر-جمعہ کی رش کے اوقات کی سروس اور سیچرڈے/سنڈے سروس نہیں
- 115 ائیرپورٹ ایکسپریس

منسوخ شدہ روٹس کی فہرست کے لیے www.bramptontransit.com ملاحظہ فرمائیں۔

زوم کی جڑی ہوئی بسوں کو اضافی گنجائش اور جسمانی فاصلہ بندی کے عمل کو ممکن بنانے کے لیے دوسرے روٹس پر لگایا جا سکتا ہے۔

ان تبدیلیوں کا اطلاق اس لیے کیا جائے گا تاکہ کچھ اضافی بسوں کو برامپٹن ٹرانزٹ کے زیادہ مصروف راستوں پر منتقل کیا جا سکے، کیونکہ ہم جسمانی فاصلہ بندی کے عمل کو ممکن بنانے کے لیے بسوں میں مسافروں کو آدھی گنجائش تک محدود کرنا جاری ہیں۔ ہمارا مقصد اپنے وسائل کے مطابق زیادہ سے زیادہ سروس کو ممکن بنانا ہے اور یہ یقینی بنانا ہے کہ شہر کے تمام علاقوں کو عوامی نقل و حمل تک معقول رسائی حاصل ہو۔

گڈ فرائیڈے سروس – 10 اپریل

برامپٹن ٹرانزٹ گڈ فرائیڈے کے لیے تخفیف شدہ سنڈے/ہالیڈے سروس چلائے گا۔ تخفیف شدہ سنڈے/ ہالیڈے سروس، بشمول روٹس کی منسوخی، کے متعلق تفصیلات www.bramptontransit.com پر دستیاب ہیں۔

کنٹیکٹ سنٹر کھلا رہے گا اور مسافروں کی معاونت کے لیے صبح 9 تا شام 6 بجے تک بذریعہ 905.874.2999 دستیاب رہے گا۔

برامپٹن ٹرانزٹ کی سہولت گاہیں اور ٹرمینلز پر کسٹمر سروس کاؤنٹرز عوام کے لیے بند ہیں۔

کرونا وائرس (کووِڈ-19) کے لیے حفاظتی اقدامات

صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کی اضافہ شدہ کاروائیاں بدستور جاری رہیں گی۔ برامپٹن ٹرانزٹ نے تمام ٹھوس سطحوں، آپریٹر کے کمپارٹمنٹس اور سیٹوں کو ہر 48 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کرنے کا ہدف مقرر کیا ہوا ہے۔ بسوں کو موجودہ طور پر ہر 24 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کیا جا رہا ہے۔ جبکہ سہولت گاہوں اور ٹرمینلز کی ٹھوس سطحوں کی صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کا کام روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ مسافروں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سفر کے لیے اپنی ذاتی جراثیم کش اشیاء مثلاً ہینڈ سینیٹائزر یا تولیے وغیرہ اپنے ساتھ لائیں اور اپنے ہاتھوں کو کثرت سے دھوئیں۔

خطرے پر گہری نظر رکھنے کے لیے سٹی آف برامپٹن اپنے شراکت داروں پیل پبلک ہیلتھ اور برامپٹن ایمرجینسی منیجمنٹ آفس کے ساتھ قریبی طور پر اور مل جل کر کام کر رہا ہے۔ باقاعدہ اپ ڈیٹس کے لیے www.brampton.ca/covid19 ملاحظہ کریں اور سروس اپ ڈیٹس کے لیے www.bramptontransit.com پر جائیں یا Twitter پر bramptontransit@ کو فالو کریں۔ کسی قسم کے سوالات برامپٹن ٹرانزٹ کے کنٹیکٹ سنٹر سے 905.874.2999 پر پوچھے جا سکتے ہیں۔

30--

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca